## طالبان دہشت گرد معصوم شہریوں کے خون سے ہولی کھیل رہے ہیں۔الطاف حسین
## دہشت گردوں کے نیٹ ورک کے خاتمے کیلئے تمام وسائل استعمال میں لائے جائیں
## پشاور میں خودکش بم دھماکے پر ایم کیوایم کے قائد کا اظہار مذمت

لندن۔۔۔19،نومبر 2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے پشاور میں جوڈیشنل کمپلیکس کے سامنے ہونے والے خودکش بم دھماکے کی سخت ترین الفاظ میں مذمت کی ہے اور دھماکے کے نتیجے میں سیکورٹی اہلکاروں سمیت متعدد افراد کے شہید وزخمی ہونے پر دلی افسوس کا اظہار کیا ہے۔ایک بیان میں جناب الطاف حسین نے کہا کہ طالبان دہشت گردوں نے پشاور کو مستقل اپنا ہدف بنا رکھا ہے اور گزشتہ دو ماہ کے دوران پشاور میں ہونے والی دہشت گردی کی اب تک کی کارروائیوں میں سینکڑوں معصوم و بے گناہ افراد سمیت خواتین اور بچے شہید ہو چکے ہیں۔انہوں نے کہا کہ معصوم و بے گناہ عوام کو خاک وخون میں نہلانے والے سفاک اور درندہ صفت طالبان نہ تو اسلام کے دوست ہیں اور نہ ہی پاکستان کے ہمدرد ہیں بلکہ انسانیت کے دشمن ہیں جو دہشت گردی کے خاتمہ کیلئے کی جانے والی کارروائیوں کے جواب میں معصوم شہریوں کے خون سے ہولی کھیل رہے ہیں۔جناب الطاف حسین نے کہا کہ یہ بم دھماکے انتظامیہ کیلئے کھلا چیلنج ہیں جو اس بات کا تقاضہ کرتا ہے کہ دہشت گردوں کے نیٹ ورک کے خاتمے کیلئے تمام وسائل استعمال میں لائے جائیں اور شہریوں کی جانوں کے ضیاع کو روکنے کیلئے مزید اقدامات کئے جائیں اور عوام کی جان و مال کو تحفظ فراہم کرنے کیلئے دہشت گردوں کا خاتمہ کیا جائے۔انہوں نے بم دھماکے میں شہید ہونے والے افراد کے تمام سوگواران سے دلی تعزیت و ہمدردی کا اظہار کیا اور زخمیوں کی جلد ومکمل صحت یابی کیلئے دعا بھی کی۔جناب الطاف حسین نے عوام سے اپیل کی کہ وہ اپنے اپنے علاقوں میں مشکوک افراد پر نظر رکھیں اور دہشت گردی کے خاتمہ کیلئے مسلح افواج،سیکوریٹی فورسز،پولیس وانتظامیہ سے بھرپور تعاون کریں۔

## گلگت بلتستان کے مظلوم عوام ظالم اور جابر قوتوں کے سامنے سرنہیں جھکائینگے،الطاف حسین
## حق پرست امیدوار کیپٹن (ر) ہادی حسین اور ایم کیوایم کے کارکنان کے خلاف جھوٹے مقدمات سے
## ثابت ہوگیا ہے کہ استحصالی قوتیں خوف زدہ ہیں،صدر اور وزیر اعظم جھوٹے مقدمات کا نوٹس لیں

کراچی۔۔۔**19** نومبر 2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے گلگت بلتستان کی قانون ساز اسمبلی کے حلقہ GBLA3 کے حق پرست امیدوار کیپٹن (ر) ہادی حسین سمیت 30 سے زائد ایم کیوایم کے کارکنان کی گرفتاری اور ان پر انسداد دہشت گردی ایکٹ کے تحت جھوٹے مقدمات قائم کرنے کی سخت الفاظ میں مذمت کی ہے۔قائد تحریک جناب الطاف حسین نے کہا کہ گزشتہ روز حق پرست امیدوار کیپٹن (ر) ہادی حسین جو اس حلقہ 3 کے ریٹرنگ آفسر کے دفتر میں درخواست جمع کرانے گئے تھے کہ پولیس نے غیر قانونی طور پر گرفتار کرلیا۔قائد تحریک جناب الطاف حسین نے کہا ہے کہ استحصالی عناصر گلگت بلتستان میں ایم کیوایم کی مقبولیت سے شدید خوف زدہ ہیں اور یہی وجہ ہے کہ منصوبہ بندی کے تحت انتخابات میں من پسند نتائج حاصل کرنے کیلئے دھاندلیوں کے تمام ریکارڈ توڑ دیے گئے۔انہوں نے کہا کہ متحدہ قومی موومنٹ نے الیکشن سے قبل اپنے خدشات کا اظہار کیا تھا تاہم چیف الیکشن کمشنر اور دیگر حکام نے کوئی نوٹس نہیں لیا۔انہوں نے کہا کہ گلگت بلتستان کے مظلوم عوام استحصالی عناصر کے سامنے سرنہیں جھکائینگے،عوام سازشوں سے آگاہ ہیں اور وہ،ظالم وجابر قوتوں کیخلاف سراپا احتجاج ہیں۔جناب الطاف حسین نے صدر مملکت آصف علی زرداری،وزیر اعظم پاکستان سید یوسف رضا گیلانی اور وفاقی وزیر داخلہ رحمٰن ملک سے مطالبہ کیا ہے کہ کیپٹن (ر) ہادی حسین سمیت ایم کیوایم کے 30 سے زائد بے گناہ کارکنان کی گرفتاری اور جھوٹے مقدمات فوری نوٹس لیا جائے اور ایم کیوایم کے خلاف انتقامی کارروائیوں کا سلسلہ بند کرتے ہوئے تمام جھوٹے مقدمات واپس لیے جائیں۔

## ایم کیوایم کے قائد الطاف حسین کی بھتیجی انعم انور نے ڈیوک آف ایڈنبرا چیلنج ایوارڈ میں گولڈ ایوارڈ حاصل کرلیا

## مقابلے میں دنیا بھر کے درجنوں طلبہ وطالبات نے حصہ لیا اور مختلف موضوعات پر اپنے اپنے مقالے پیش کئے

## مقابلے کے ججز میں ڈیوک آف ایڈنبرا پرنس فلپ رسل، امریکہ کے سابق صدر بل کلنٹن اور برطانیہ کے وزیرخزانہ ایلسٹر ڈارلنگ شامل تھے

## انعم انور کی شاندار کامیابی پر ڈیوک آف ایڈنبرا چیلنج ایوارڈ کے چیئرمین پرنس فلپ رسل کی ایم کیوایم کے قائد الطاف حسین کو مبارکباد

## آپ کی تربیت سے انعم انور نے یہ ایوارڈ حاصل کیا۔ پرنس فلپ رسل

## انعم انور ڈیوک آف ایڈنبرا چیلنج ایوارڈ کی 98 سالہ تاریخ میں گولڈ ایوارڈ حاصل کرنے والی پہلی ایشیائی طالبہ ہیں

لندن۔۔۔19 نومبر 2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین کی بھتیجی انعم انور نے برطانوی ادارے ڈیوک آف ایڈنبرا چیلنج ایوارڈ کے تحت ہونے والے مقابلہ میں گولڈ ایوارڈ حاصل کرلیا۔ڈیوک آف ایڈنبرا چیلنج ایوارڈ کے تحت ہونے والے مقابلہ میں دنیا بھر کے درجنوں طلبہ وطالبات نے حصہ لیا اور مختلف موضوعات پر اپنے اپنے مقالے پیش کئے اور سوال وجواب دیئے۔مقابلے میں شرکت کرنے والے طلبہ وطالبات کی اکثریت کا تعلق خوشحال اور آسودہ حال خاندانوں سے تھا جبکہ انعم انور کا تعلق مڈل کلاس سے تھا۔اس مقابلے کے ججز میں ڈیوک آف ایڈنبرا پرنس فلپ رسل ، امریکہ کے سابق صدر بل کلنٹن اور برطانیہ کے وزیرخزانہ ایلسٹیئر ڈارلنگ شامل تھے۔انعم انور ڈیوک آف ایڈنبرا چیلنج ایوارڈ کی 98 سالہ تاریخ میں گولڈ ایوارڈ حاصل کرنے والی پہلی ایشیائی طالبہ ہیں۔ڈیوک آف ایڈنبرا چیلنج ایوارڈ کے چیئرمین پرنس فلپ رسل نے متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین کو انکی بھتیجی انعم انور کی شاندار کامیابی حاصل کرنے پر زبردست مبارکباد پیش کرتے ہوئے انہیں (الطاف حسین کو) خراج تحسین کے طور پر خوبصورت تحائف اور تہنیتی کارڈ تحفتاً بھیجے ہیں۔جناب الطاف حسین کے نام اپنے پیغام میں پرنس فلپ نے کہا کہ مجھے، امریکہ کے سابق صدر بل کلنٹن اور برطانوی وزیرخزانہ ایلسٹیئر ڈارلنگ کو یقین ہے کہ انعم انور کی تاریخی اور شاندار کامیابی میں آپکی تربیت اور رہنمائی کا بڑا عمل دخل ہے،اس شاندار کامیابی پر میں آپ کو مبارکباد پیش کرتا ہوں اور آپ اور آپ کی تحریک کی کامیابی کیلئے نیک خواہشات کا اظہار کرتا ہوں۔

واضح رہے کہ انعم انور متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی کے رکن محمد انور کی صاحبزادی ہیں اور جب وہ پیدا ہوئی تھیں تو انکے کانوں میں اذان بھی جناب الطاف حسین نے دی تھی۔جناب الطاف حسین، انعم انور کی شاندار کامیابی پر بہت خوش ہیں اور انہوں نے اس پر اللہ تعالیٰ کا شکرادا کرنے کے بعد انعم انور کی مستقبل میں مزید تاریخی کامیابیوں کیلئے اللہ کے حضور مزید دعائیں بھی کی ہیں۔واضح رہے کہ گورنرسندھ ڈاکٹرعشرت العباد کے بیٹوں اور بیٹیوں کی تربیت بھی ایم کیوایم کے قائد جناب الطاف حسین نے کی جس کا نتیجہ یہ برآمد ہوا کہ گورنرسندھ ڈاکٹرعشرت العباد کے تمام بچے اور بچیاں فرسٹ کلاس فرسٹ گریڈ حاصل کررہے ہیں۔ڈاکٹرعشرت العباد کی بڑی صاحبزادی شمائلہ عشرت نے نہ صرف فرسٹ کلاس فرسٹ میں ڈاکٹری کی تعلیم مکمل کی بلکہ انہوں نے سرجری کے شعبہ میں اسپیشلائزیشن حاصل کی ہے اور آج وہ دکھی انسانیت کی خدمت کیلئے کامیابی سے سرجری کرکے انہیں اپنے پیروں پر کھڑا ہونے اور کام کاج کرنے کے قابل بنارہی ہیں اور ساتھ ساتھ مزید اعلیٰ تعلیم بھی حاصل کررہی ہیں۔

## ساؤتھ ایشیا پبلیکیشنز کی جانب سے مصطفیٰ کمال کو مین آف دی ایئر ایوارڈ 2008ء ملنے پر الطاف حسین کی مبارکباد

لندن۔۔۔**19** نومبر 2009ء

متحدہ قومی موومنٹ قائد جناب الطاف حسین نے لاہور میں اقبال اکیڈمی پاکستان کے ایوان اقبال میں منعقدہ اسٹار ایوارڈ 2008ء کی تقریب میں ساؤتھ ایشیا پبلیکیشنز کی جانب سے ناظم کراچی سید مصطفیٰ کمال کو مین آف دی ایئر کا ایواڈ اور گولڈ میڈل ملنے پر مصطفیٰ کمال کو دلی مبارکباد اور خراج تحسین پیش کیا ہے۔ایک بیان میں جناب الطاف حسین نے کہا کہ مصطفیٰ کمال کی کراچی شہر کی تعمیر وترقی کیلئے دن رات کی محنت اور بے مثال خدمات نے شہر کو دنیا کے ترقی یافتہ شہروں کی صف میں لاکھڑا کیا ہے جس کا اعتراف پوری دنیا کررہی ہے۔انہوں نے کہا کہ سٹی ناظم کی مثالی اور بلاامتیاز خدمات کے اعتراف میں اسٹار ایوارڈ، گولڈ میڈل اور بہترین کارکردگی کی اسناد ملک بھر کے عوام خصوصاً کراچی کے شہریوں کیلئے قابل فخر ہے جو اس بات کا ثبوت ہے کہ حق پرست قیادت بلاامتیاز رنگ ونسل بے لوث خدمت کررہی ہے۔انہوں نے کہا کہ اس سے قبل بھی ممتاز جریدے فارن پالیسی کی جانب سے دنیا کے تین بہترین میئرز میں مصطفیٰ کمال کا نام شامل کیا جاچکا ہے۔

## حیدرآباد کے سینئر صحافی عثمان اجمیری کی ہمشیرہ کے انتقال پر الطاف حسین اور رابطہ کمیٹی کا اظہار تعزیت

لندن۔۔۔19 نومبر 2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے روزنامہ نوائے وقت حیدرآباد کے بیورو چیف وسینئر صحافی عثمان اجمیری سے ان کی ہمشیرہ کے انتقال پر گہرے رنج وغم کا اظہار کیا ہے۔ایک تعزیتی بیان میں جناب الطاف حسین نے عثمان اجمیری سمیت مرحومہ کے تمام سوگوارلواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے انہیں صبر کی تلقین کی اوردعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحومہ کواپنی جواررحمت میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اورسوگواران کوصبرجمیل دے۔(آمین) دریں اثناء ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی ،حیدرآبادزون اورشعبہ اطلاعات کے ارکان نے بھی سینئر صحافی عثمان اجمیری سے ان کی ہمشیرہ کے انتقال پر گہرے دکھ اورافسوس کا اظہار کرتے ہوئے مرحومہ کی مغفرت اورسوگواران کوصبرجمیل کیلئے دعائیں کی ہیں۔

## ایم کیوایم نے پاکستان کا نام تبدیل کرنے کی کوتجویز پیش نہیں کی ،فاروق ستار
## اخبارات میں شائع ہونے والی خبریں بے بنیاداورمن گھڑت ہیں،تردیدی بیان

کراچی۔۔۔19 نومبر 2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی کے ڈپٹی کنوینر ڈاکٹر فاروق ستار نے جمعرات کوبعض اخبارات میں شائع ہونے والی ان خبروں کی سختی کے ساتھ تردید کی ہے جس میں ان کے حوالے سے کہا گیا ہے کہ متحدہ قومی موومنٹ نے قومی اسمبلی کی آئینی اصلاحات کمیٹی میں پاکستان کا نام تبدیل کرنے اوراسے اسلامی جمہوریہ پاکستان کے بجائے عوامی جمہوریہ پاکستان کا نام دینے کی تجویز پیش کی ہے۔ڈاکٹر فاروق ستار نے ایک تردیدی بیان میں کہا کہ اورانہوں نے کسی بھی فورم پرایسی کوئی بات نہیں کی یہ خبریں قطعی طور پر بے بنیاد،جھوٹ کا پلندہ اورمن گھڑت ہیں ان کا مقصد متحدہ قومی موومنٹ کو بدنام کرنا ہے۔

## متحدہ غریب ومتوسط طبقے کی نمائندہ جماعت ہے،شاکرعلی
## حاجی مرید گوٹھ کے تنظیمی دورے کے موقع پر کارکنان سے بات چیت

کراچی۔۔۔19 نومبر 2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی کے رکن شاکر علی نے کہا کہ ایم کیوایم غریب ومتوسط طبقہ کی نمائندہ جماعت ہے جس کی جدوجہد کا مقصد ملک سے فرسودہ جاگیردارانہ نظام کا خاتمہ اورغریبوں کی حکمرانی قائم کرنا ہے۔ان خیالات کا اظہارانہوں نے گزشتہ روز حاجی مرید گوٹھ یونٹ کے تنظیمی دورے کے موقع پر کارکنان کے اجتماع سے گفتگو کرتے ہوئے کیا۔اس موقع پرکراچی مضافاتی کمیٹی کے انچارج فرخ اعظم ،رکن راشداکرام کے علاوہ ابراہیم حیدری سیکٹر کمیٹی کے ارکان ،علاقائی یونٹ کے ذمہ داران اورکارکنان بھی موجود تھے۔شاکر علی نے کہا کہ قیام پاکستان سے لیکرآج تک جاگیردار،وڈیرے اورسرمایہ دارکی صورت میں دوفیصد استحصالی ٹولے نے 98 فیصدغریب ومتوسط طبقے کے عوام کوان کے جائزحقوق سے محروم کررکھا ہے اوروہ دیمک کی طرح ملک کوچاٹ رہے ہیں۔انہوں نے کہا کہ قائدتحریک الطاف حسین سچے اورمخلص رہنماء ہیں جنہوں نے غریب ومتوسط طبقے کے عوام کوان کے غصب شدہ جائزحقوق دلانے کا بیڑااٹھایا ہے اوریہی وجہ ہے کہ آج الطاف حسین ملک بھر کے غریب عوام کی دلوں کی دھڑکن بن چکے ہیں۔الطاف حسین ملک کے واحد رہنما ہیں جوملک وقوم سے مخلص ہیں اورجن کے قول وفعل میں کوئی تضاد نہیں،الطاف حسین کا فکروفلسفہ سندھ کی وادیوں سے ہوتا ہوا گلگت بلتستان کے سنگلاخ برفیلے پہاڑوں تک پہنچ چکا ہے،اب وہ دن دورنہیں جب ملک پرغریب ومتوسط طبقے کی حکمرانی ہوگی اورفرسودہ جاگیردارانہ نظام کا جڑ سے خاتمہ ہوگا۔

## اے پی ایم ایس اواورایم کیوایم کے سوگوارکارکنان سے رابطہ کمیٹی کا اظہار تعزیت

کراچی۔۔۔19 نومبر 2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے ایم کیوایم سکھرزون یونٹ 10/B کے کارکن عقیل احمد کی والدہ اصغری بیگم ،اے پی ایم ایس اوسیکٹر بی پریمیئر کالج یونٹ کے کمیٹی رکن ولید جہانگیر کے والد جہانگیر ملک اورایم کیوایم ناظم آبادگلبہار سیکٹر یونٹ 181 شعبہ خواتین کی کارکن آمنہ بیگم کے صاحبزادے محمد غیاث کے انتقال پر گہرے رنج وغم کا اظہار کیا ہے۔ایک تعزیتی بیان میں رابطہ کمیٹی نے مرحومین کے تمام سوگوارلواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحومین کوجنت الفردوس میں جگہ عطا فرمائے اورسوگواران کوصبرجمیل دے۔(آمین)

☆☆☆☆☆